TOWARDS A RESILIENT EDUCATION RECOVERY FROM PAKISTAN'S FLOODS

RAPID RESPONSE RESEARCH

PAKISTAN COALITION FOR EDUCATION
PCE
An Initiative of SAQE

ww.pcepak.org
ataportal.pcepak.org
ww.facebook.com/pcepak
PCESAQE
ce_saqe

CONTEXT

The 2022 floods in Pakistan have affected areas where learning levels and enrolment in primary and secondary schools were already very low. Before the current emergency, almost half of the children between the ages of 5-16 years in Sindh and Balochistan and almost one-fourth in Punjab were out of school (PSLM 2021).

Globally and in Pakistan, research has shown that even in the best of circumstances, emergencies such as flooding can disrupt children's education for multiple years without multidimensional interventions (INEE 2022; Andrabi et al. 2021). Girls in particular face the risk of having all their time absorbed in domestic labour (Thomas 2021) as well as facing a higher risk of early marriage (Bukhari and Rizvi, 2015).

KEY FINDINGS

A focus on infrastructure as the main strategy of education recovery in past disasters in Pakistan has not consistently stopped school dropouts or assured learning for children.
Several areas where floods have occurred in 2022 are the same as where floods occurred in 2010 and 2011. However, data collected for this paper was unable to find existing positive evidence that investments in education in the aftermath of the 2010/2011 floods served to protect students from disrupted education in 2022.

The emergency response across disasters is largely focused on temporary infrastructure followed by transitory schools in semi-permanent buildings with little attention to how these venues are used by teachers/volunteer teachers and children. Also, there are no active and ongoing interventions to ensure these children transfer to mainstream schooling post-emergency.

While most stakeholders in education at the provincial level recognise the importance of addressing trauma faced by children in disaster struck areas, it is unclear how stakeholders responded to the psychosocial needs in terms of either materials or pedagogy.

Post-disaster analysis and government, CSOs, and donor-level press briefings highlight traditionally marginalised children in education (e.g., girls, children with disability, pre-disaster out-of-school children). However, the language does not appear to lead to explicit programme interventions.

Even within discussions on the reconstruction of schools, there is a lack of consideration on ensuring that rebuilding focuses on disaster-resilient schools that can survive the next onset of floods, rather than standard brick-and-mortar edifices.

A striking feature across medium-term responses has been the absence of a remedial curriculum and teacher training for the diagnosis of student baseline and delivery of a remedial curriculum.

KEY RECOMMENDATIONS FOR GOVERNMENTAL, CIVIL SOCIETY, AND NON-PROFIT ORGANISATIONS

1 Instead of waiting for the re-building of schools to get children back into classrooms, standing community infrastructure ought to be used to begin learning activities.

While re-building/reconstruction discussions are ongoing, the immediate focus should be on getting children back into classroom environments by exploring different community-based options and providing incentives.

2 Work at the district level to establish learning targets rather than infrastructure targets in medium- and long-term planning towards recovery.

The baseline at which children (including those enroling for the first time) are starting after the disaster should inform this exercise.

3 Seek public and not-for-profit private sector partnerships to rebuild high-quality infrastructure. Partnerships with for-profit private organisations should be avoided in this instance.

This should be done to diversify delivery mechanisms for school infrastructure beyond time-consuming public procurement processes to speed up rebuilding (within 12 months). Further investment should not be made in the reconstruction of schools that have been flooded repeatedly in 2010/2011 and then again in 2022. Rebuilding in a different location based on community-level input should be considered.

4 Train teachers to deliver remedial learning by working with not-for-profit teacher training institutes.

Support teacher training that allows them to diagnose student baseline in foundational literacy (in the next 12 months). In addition, develop remedial material to teach children at the level they are at after the floods, explore how to deliver on-site and after-hours refresher courses for teachers, and provide incentives, such as awarding points for attending training in the provincial assessment scores, to encourage teachers to focus on remedial learning.

5 Technically and financially empower headteachers to ensure the successful development and roll-out of school disaster response plans and psychosocial support for children.

Support headteachers in holding teachers accountable to achieve remedial learning outcomes. In addition, train headteachers for overseeing the development and implementation of localised school disaster response plans and ensure headteachers realise the importance of identifying and training individuals who can serve as psychosocial counsellors for girls and children with disabilities to support them and their families in overcoming barriers to attending and staying in school.

This policy brief is extracted from a paper titled, 'Towards a Resilient Education Recovery from Pakistan's Floods - Rapid Response Research' written by Dr. Moizza B. Sarwar and published by Pakistan Coalition for Education (PCE), an initiative of the Society for Access to Quality Education. To access the research, please visit: https://www.pcepak.org/our-publications.

سرکاری اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کے لئے اہم تجاویز

1 تدریسی سرگرمیاں شروع کرنے کے لئے سکولوں کی دوبارہ تعمیر کا انتظار کرنے کے بجائے مقامی علاقوں میں موجود سالم عمارات کو استعمال کیا جانا چاہیے۔

تباہ شدہ سکولوں کی تعمیر کے بارے میں جاری بحث کے ساتھ ساتھ بچوں کے تعلیمی سلسلے کو دوبارہ شروع کرنے کے لیے مقامی حل اور متاثرہ بچوں کو تعلیم جاری رکھنے کے لیے مراعات دینے پر غور کرنا انتہائی اہم ہے۔

2 قلیل اور طویل مدتی منصوبہ بندی میں محض تعمیراتی اہداف کے بجائے تعلیمی اہداف کے تعین پر توجہ مرکوز کی جانی چاہئے۔

بچوں کی کلاس رومں میں واپسی کے بعد سکول کی سطح پر ایسی مشق کرنا لازمی ہے کہ جو بچوں کی موجودہ خواندگی کی سطح کو جانچ سکے تاکہ مؤثر اصلاحی نصاب کو تشکیل دینے میں مدد فراہم ہو۔

3 اعلیٰ معیار کی تعمیرِ نو کے لئےغیر سرکاری اور بلا منافع اداروں سے رجوع کیا جانا چاہیے اور اس سلسلے میں بامنافع نجی اداروں کے ساتھ شراکت سے گریز کیا جانا چاہیئے۔

اس کا مقصد سکولوں کی تعمیر کے لئے سرکاری طریقِ کار میں تیزی لانا ہے تاکہ دوبارہ تعمیر کے عمل کو تیزی سے (12 ماہ کے اندر) آگے بڑھایا جاسکے۔

ایسے سکولوں کی دوبارہ تعمیر پر مزید سرمایہ کاری نہیں کی جانی چاہئے جو ماضی میں بار بار سیلاب کا شکار ہوئے اور 2010، 2011 اور پھر 2022 میں قابلِ استعمال نہ رہے۔ ایسی تعمیرات پر، جو سیلاب کے خطرے کا شکار رہیں گی، وسائل خرچ کرنے کے بجائے مقامی آبادی کے مشورے سے سکول کسی اور مقام پر تعمیر کرنے پر غور کیا جانا چاہیئے۔

4 اصلاحی نصاب طالب علموں تک مؤثر انداز سے پہنچانے کے لیے بلا منافع اداروں کی مدد سے اساتزہ کی تربیت کی جائے۔

اگلے 12 مہینوں میں اساتذہ کی ایسی تربیت بہت اہمیت کی حامل ہے کہ جس کے ذریعے وہ طالبِ علموں کی بنیادی خواندگی کی تشخیص کر پائیں، اور بچوں کے لیے اصلاحی نصاب تیار کر سکیں۔ اس سلسلے میں اساتذہ کی حوصلہ افزائی کے لیے انہیں بروقت ریفریشر کورس اور صوبائی سطح پر اصلاحی تعلیم پر توجہ دینے کے لیے اضافی پوائنٹس بھی دئے جانے چاہئیں۔

5 ہیڈ ٹیچروں کو مالیاتی اور تکنیکی اعتبار سے بااختیار بنائیں تاکہ وہ سکول کی سطح پر ہنگامی حالات سے نمٹنے اور اپنے سکول کے متاثرہ بچوں کے لئے اصلاحی نصاب کو ترتیب دینے کے اہل ہوں سکیں۔

ہیڈ ٹیچروں کی تربیت ان کو نصاب کی مؤثر ترسیل کی نگرانی اور اساتذہ کو جوابدہ ٹھہرانے کے لیے اہم ہے۔ اس بات کو یقینی بنانا بھی ضروری ہے کہ ہیڈ ٹیچر ایسے افراد کے چناؤ اور تربیت کی اہمیت کو سمجھیں جو لڑکیوں اور معذوری سے دوچار بچوں کے لئے نفسیاتی کونسلر کے طور پر بھی کام کر سکتے ہوں۔ ہیڈ ٹیچروں کو مقامی سطح پر ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے منصوبہ بندی، عملدرآمد اور سٹاف کو ذمہ داریاں تفویض کرنے کی تربیت بھی دی جانی چاہیئے۔

اس پالیسی بریف کے لئے معلومات اور مواد ڈاکٹر معیزہ سرور کی تحریر شدہ رپورٹ 'Towards a Resilient Education Recovery from Pakistan's Floods - Rapid Response Research' سے لیا گیا ہے۔ یہ رپورٹ پاکستان کولیشن فار ایجوکیشن (PCE) نے شائع کی ہے۔ تحقیق اس لنک سے حاصل کی جا سکتی ہے: https://www.pcepak.org/our-publications

مسائل

پاکستان میں **2022** کے سیلاب نے بہت سے ان علاقوں کو متاثر کیا جہاں پرائمری اور ثانوی سطح پر معیاری تعلیم تک رسائی کے مواقع سیلاب سے پہلے بھی انتہائی محدود تھے۔ موجودہ ہنگامی صورتِ حال سے پہلے ہی، سندھ اور بلوچستان میں **5** سے **16** برس تک کے بچوں کی تقریباً نصف تعداد اور پنجاب میں تقریباً ایک چوتھائی تعداد سکولوں سے باہر تھی۔ یہاں اس بات کا ذکر کرنا بھی اہم ہے کہ سندھ اور بلوچستان کے سیلاب زدہ صوبوں میں سکول نہ جانے والی لڑکیوں کا تناسب باقی ملک کی نسبت بہت زیادہ ہے۔ حکومتی اعداد و شمار کے مطابق بلوچستان میں **59** فیصد اور سندھ میں **51** فیصد لڑکیاں سکول نہیں جاتیں۔

تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ آنے والے سالوں میں دنیا بھر اور پاکستان میں موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث سیلاب جیسی قدرتی آفات کا سلسلہ بڑھے گا جس کی وجہ سے بچوں کی تعلیم اگلے کئی برس تک متاثر ہو سکتی ہے۔ اس صورتحال سے نمٹنے کے لیے جامع تعلیمی اصلاحات کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نظر نہیں آتا۔ ان پالیسی اصلاحات میں لڑکیوں، معذور اور ٹرانسجینڈر بچوں کی معیاری تعلیم تک رسائی پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

اہم حقائق

گزشتہ آفات کے دوران سکولوں کی عمارات کی تعمیرِ نو کو تعلیم کی بحالی کے لئے سب سے اہم حکمتِ عملی کے طور پر اختیار کیا گیا لیکن اس سے نہ تو بچوں کے ڈراپ آؤٹ ریٹ میں کمی آئی اور نہ ہی انکے سیکھنے کے عمل میں بہتری کا رجحان دیکھا گیا۔

بہت سے علاقے جہاں 2022 میں سیلاب آیا وہی ہیں جہاں 2010 اور 2011 میں بھی سیلاب آیا تھا۔ تاہم ، حکومتی اور غیر حکومتی دستاویزات کے مطالعے سے گزشتہ دہائی کے دوران مستقبل کے ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے کسی بھی براہ راست عوامی سرمایہ کاری یا مؤثر اقدامات کا تعین کرنا مشکل ہے۔

آفات کے دوران ہنگامی اقدامات میں توجہ اکثر عارضی سکولوں کے قیام پر مرکوز ہوتی ہے، مگر اس بات پر بہت کم توجہ دی جاتی ہے کہ ان عارضی سکولوں میں تدریسی عمل کو کس طرح تشکیل دیا جا رہا ہے۔ نیز، ہنگامی حالات کے بعد ایسے فعال اقدامات کا بھی فقدان ہے کہ جن کے ذریعے ان بچوں کی مرکزی تعلیمی دھارے میں منتقلی کو یقینی بنایا جا سکے جن کا اندراج ان عارضی سکولوں میں کیا گیا تھا۔

اگرچہ صوبائی سطح پر تعلیم کے زیادہ تر شراکت دار آفت زدہ علاقوں میں بچوں کو صدمے کے اثرات سے نکالنے کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہیں تاہم ہمارے تعلیمی نظام میں آفات سے متاثرہ بچوں کے نفسیاتی مسائل حل کرنے کے لئے کوئی واضح حکمتِ عملی موجود نہیں۔

آفات کے بعد کیے گئے سرکاری اور غیر سرکاری تجزیوں میں تعلیم تک رسائی کے حوالے سے پسماندہ بچوں (مثلاً، لڑکیوں اور معذوری سے دوچار بچوں) کا ذکر نمایاں طور پر نظر آتا ہے۔ تاہم، یہ بیانات پروگرام کی سطح پر واضح اقدامات کی نشاندہی نہیں کرتے۔

سکولوں کی تعمیرِ نو کے حوالے سے گفتگو میں ساری توجہ اینٹوں اور گارے کی عمارتوں پر مرکوز کرنے کے بجائے اس بات پر بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ تعمیر ہونے والی نئی عمارتیں آئندہ آفات کو برداشت کرنے کی صلاحیت بھی رکھتی ہوں۔

درمیانی مدت کے اقدامات میں اساتذہ کی طالب علموں کی بنیادی تعلیمی صلاحیتوں کو جانچنے اور اصلاحی نصاب پڑھانے کی تربیت کا فقدان بھی واضح ہے۔ یہ دونوں اقدامات معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے انتہائی اہم ہیں، خاص طور پر ان بچوں کے لیے جن کے تعلیمی سلسلے میں ہنگامی حالات کے دوران خلل پیدا ہوا یا وہ بچے جو پہلی بار مرکزی تعلیمی دھارے میں داخل ہو رہے ہوں۔

پاکستان میں سیلاب کے بعد تعلیم کی بحالی کی جانب سفر

تحقیق برائے فوری اقدام

PAKISTAN COALITION FOR EDUCATION
PCE
An Initiative of SAQE

ww.pcepak.org
ataportal.pcepak.org
ww.facebook.com/pcepak
PCESAQE
ce_saqe